29مارچ2012

1,568 مستحق طلبہ کو 223.663 ملین روپے کے بلاسود قرضے فراہم کئے جائیں گے

2010-2011 سے شروع ہونے والے سیشن کے لئے پاکستان میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے مستحق طلبہ کو بلاسود قرضوں کی مد میں 223.663 ملین روپے کی رقم فراہم کی جائے گی۔

اسٹوڈنٹ لون اسکیم کی نمائندہ کمیٹی کا ایک اجلاس کراچی میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر قاضی عبدالمقتدر کی صدارت میں منعقد ہوا جس نے بلاسود قرضوں کی رقم کی منظوری دی جو ملک بھر سے مختلف مضامین میں گریجویشن، ماسٹرز اور پی ایچ ڈی کی تعلیم حاصل کرنے والے 1,568 مستحق طلبہ کو فراہم کی جائے گی۔

اجلاس میں فائنانس ڈویژن، اسٹیٹ بینک آف پاکستان، نیشنل بینک آف پاکستان، ایم سی بی بینک لمیٹڈ، الائیڈ بینک لمیٹڈ، حبیب بینک لمیٹڈ اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کے نمائندوں نے شرکت کی۔

کامیاب طلبہ کے نام نیشنل بینک آف پاکستان کی ویب سائٹ http://www.nbp.com.pk/StudentLoan/index.aspx پر ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں۔

:☆☆☆